سوال

(33) اہل میت کے مکان پر کچھ روز تک گوشت نہ آنے دینا جائز ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اہل میت کے مکان پر کچھ روز تک گوشت نہ آنے دینا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ کام چونکہ خاص ہندوؤں کے ہاں ہوتا ہے۔ اس لیے اگر کوئی مسلمان اُن کی مشابہت کرے گا تو انہیں میں شامل ہوگا۔ حدیث میں ہے۔ ((من تشبہ بقوم فهو منهم)) ''یعنی جو کسی قوم سے مشابہت کرے وہ انہیں میں سے ہے۔'' اس قسم کی روایتیں بہت ہیں۔ جن کی یہاں گنجائش نہیں۔ اس لیے ہم ایک آدھ حدیث پر اکتفا کرتے ہیں۔ مشکوٰۃ میں ہے۔

((عن عمراَن بن حصین وابی برزة قال خرجنا مع رسول اللہ ﷺ فی جنازة فرائ قوماً حوااروبتھم یمشون فی قص فقال رسول اللہ ﷺ الفعل الجاھلیة تاَخذوں البصنیع الجاھلیة تشبھون لقد نعممت ان اَوْھُوَ علیکم دعوة ترجعون فی غیر صورکم قال فاخذواارد یتھم ولم یعودوالذلک))

''یعنی عمران بن حصین اورابی برزہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے (ڈانٹ کر) فرمایا کیا جاہلیت کا فعل لیتے ہو کیا جاہلیت سے مشابہت کرتے ہو۔ میں نے قصد کیا کہ تم پر ایسی بددعا کروں جس سے تمہاری صورتیں مسخ ہو جائیں۔ راوی کہتا ہے کہ حضور علیہ السلام کے ڈانٹنے پر انہوں نے چادریں لے لیں اور پھر اس کام کے لیے نہیں لوٹے۔''

(رسالہ بدعات کی تردید ص ۴)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 05 ص 55